Session 214
No 926
Date 26/09/2016
Department Food

توجہ دلاؤ نوٹس۔

محترم سپیکر صاحب،

میں آپ کی توسط سے اس معزز ایوان کی توجہ مفاد عامہ کی اہم مسئلہ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ وہ یہ کہ پورے صوبے میں بالعموم اور ملاکنڈ ڈویژن میں بالخصوص عرصہ دراز سے غیر معیاری اور مضر صحت پاپڑ رچپس کا کاروبار عروج پر ہے۔ چونکہ پاپڑ رچپس کے کارخانے بعض عریص اور لالچی لوگ نے بغیر کسی اجازت نامے اپنے گھروں میں خفیہ طور پر کارخانوں میں غیر معیاری مصالحہ جات، غیر معیاری تیل اور چائنہ نمک جیسے مضر صحت اجزاء شامل کر کے بنا کر پورے صوبے اور قبائیلی علاقہ جات میں سپلائی کی جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے چھوٹے اور کم عمر بچے کم قیمت اور زائد المعیاد مضر صحت پاپڑ اور چپس کھانے کے عادی ہوگئی ہیں جس کی وجہ سے ہسپتالوں میں بچوں میں پیٹ، ہیضہ، یرقان، سکن اور انیمیا اور دوسرے بیماریوں کے وجہ سے خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔ چونکہ یہ مضر صحت پاپڑ ہر سکول کے ساتھ دکانوں بلکہ سکولوں کے اندر نہایت کم قیمت پر ہر جگہ دستیاب ہوتی ہے۔ لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اتھارٹی خواب غفلت کے مزے لے رہے ہیں۔ انہوں نے اپنے نونہالوں کو غیر معیاری اجزاء کھانے کی کھلی چھٹی دی ہوئی ہے۔ جو کہ خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اتھارٹی ایکٹ سیکشن 23 اور 24 کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے۔

لہذا صوبائی حکومت خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اتھارٹی کو پورے صوبے میں ملاکنڈ ڈویژن کے تمام اضلاع میں قائم غیر معیاری اور مضر صحت پاپڑ رچپس بنانے والے کارخانوں دکانداروں، سپلائی میں ملوث گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ تاکہ غیر معیاری اور مضر صحت پاپڑ رچپس سے اپنے نونہالوں کی زندگیوں کو بچایا جاسکے۔

اعزازالملک افکاری
رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا۔

26/9